# ملاکیؔ
# کی کِتاب

1 یَاھوِہ کی طرف سے ملاکیؔ* کی مَعرفت سے، بنی اِسرائیل کے لِئے
ایک نبُوّت۔

## بنی اِسرائیل کا خُدا کی مَحَبّت پر شک

2 یَاھوِہ فرماتے ہیں، ”مَیں نے تُم سے مَحَبّت کی ہے۔“
”لیکن تُم پُوچھتے ہو، ’آپ نے کسطرح ہم سے مَحَبّت ظاہر کی ہے؟‘
”کیا عیسوؔ یعقوب کا بھائی نہیں تھا؟“ یَاھوِہ جَواب دیتے ہیں۔ ”پھر
بھی مَیں نے یعقوب سے مَحَبّت رکھی،
3 مگر عیسوؔ سے عداوت کرتا ہوں۔ مَیں نے اُس کے پہاڑوں کو ویران
کر دیا اَور اُس کی مِیراث بیابان کے گیدڑوں کو دے دی۔“
4 اِدُوم کہہ سَکتا ہے، ”حالانکہ ہم برباد تو ہو گئے ہیں لیکن اَپنی
ویران جگہوں کو پھر سے تعمیر کریں گے۔“
لیکن قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں: ”وہ تعمیر تو کر سکتے ہیں
لیکن مَیں پھر ڈھا دُوں گا۔ اَور اُن کا مُلک بدکاری کی سرزمین
کہلائے گا۔ اَور وہ اَیسے لوگ ہوں گے جِن پر یَاھوِہ کا قہر ہمیشہ
قائِم رہے گا۔

* **1:1** ملاکیؔ یعنی میرا رسول

5 تُم خُود اِسے اَپنی آنکھوں سے دیکھوگے اَور تُم کہو گے، ’حقیقتاً
یَاہوِہ کی عظمت بنی اِسرائیل کی سرحدوں کے باھر بھی اعلیٰ مرتبہ والی
ھے!‘

## عیب دار قُربانیاں گذراننے کے ذریعے عہد کو توڑنا

6 ”ایک بیٹا اَپنے باپ کی عزّت کرتا ھے اَور غُلام اَپنے آقا کا اِحترام
کرتا ھے۔ اگر مَیں باپ ہُوں تو میری عزّت کہاں ھے؟ اگر مَیں آقا ہُوں
تو میرا خوف کہاں ھے؟“ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ھے۔
”اَے کاہِنوں تُم ھی ھو، جو میرے نام کی تحقیر کرتے ھو۔
”پھر بھی تُم کہتے ھو، ’ھم نے کس بات میں تمہارے نام کی تحقیر
کی؟‘
7 ”تُم میرے مذبح پر ناپاک غِذا نذر کرنے کی وجہ سے۔
”اَور کہتے ھو کہ ھم نے کس بات میں آپ کی توہین کی ھے۔ یہ
کہہ کر کہ یَاہوِہ کی میز حقیر ھے تُم مُجھے ناپاک ٹھہراتے ھو۔
8 جَب تُم قُربانی کے لِئے اَندھے جانور لاتے ھو تو کیا یہ بُرائی نہیں
ھے؟ جَب تُم عیب دار اَور بیمار جانور قُربانی کرتے ھو تو کیا یہ بُرائی
نہیں؟“ قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ھیں، اُن جانوروں کو اَپنے حاکم کے
لِئے نذر کرو! کیا وہ تمہاری اِس بات سے خُوش ھونگے؟ کیا وہ اُسے
قبُول کریں گے؟
9 ”اَب ذرا خُدا سے مِنّت کرو کہ وہ ھم پر رحم کریں، کیونکہ
تمہارے ھی ھاتھوں نے اِن قُربانیوں کو نذر کیا ھے۔ کیا وہ تُمھیں قبُول
کریں گے؟“ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ھے۔

10 ”کاش کتنا اَچھّا ہوتا کہ تُم میں سے کوئی بیت المُقدّس کے
دروازے کو بند کر دیتا تا کہ تُم میرے مذبح پر عبث آگ نہ جَلاتے!
میں تُم سے خُوش نہیں ہُوں۔“ کیونکہ قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں،
”اِس لئے مَیں تمہارے ہاتھ سے کوئی ہدیہ ہرگز قبُول نہیں کروں گا۔
11 کیونکہ آفتاب کے طُلوع سے غروب تک قوموں میں میرے نام
کی تمجید ہوگی۔ اَور میرے نام کی خاطِر ہر جگہ بخُور جَلایا جائے گا
اَور پاک عطیات لائے جائیں گے کیونکہ قوموں میں میرے نام کی
تمجید ہوگی،“ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔
12 ”لیکن تُم یہ کہہ کر اُس کی توہین کرتے ہو،“ یَاہوِہ کی میز
ناپاک ہے اَور اُس پر کا رکھا ہُوا عطیات حقیر ہیں۔
13 اَور تُم یہ بھی کہتے ہو کہ، یہ کیسی زحمت ہے، اَور اُس پر
حقارت سے ناک سکوڑتے ہو۔ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔
”جَب تُم زخمی یا عیب دار یا بیمار جانور قُربانی کرنے لاتے ہو تو کیا
میں اَیسی قُربانی تمہارے ہاتھ سے قبُول کروں؟“ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا
فرمان ہے۔
14 ”لعنت ہے اُس دغاباز پر جِس کے ریوڑ میں قابلِ قبُول نر جانور
مَوجُود ہے اَور وہ اُسے دینے کے لِئے قَسم کھاتا ہے مگر خُداوؔند کو
عیب دار جانور نذر کرتا ہے۔ کیونکہ مَیں شاہِ عظیم ہُوں،“ یہ قادرمُطلق
یَاہوِہ کا فرمان ہے، اِس لئے تمام قوموں میں لوگوں کے درمیان میرے
نام کا خوف مانا جانا چاہئے۔

## کاہِنوں کے لِئے اِنتباہ

1 ”اَور اَب اَے کاہِنوں، تمہارے لِئے یہ اِنتباہ ہے۔
2 اگر تُم نہیں سنوگے، اَور میرے نام کی تعظیم کے لِئے اَپنے دِلوں
کو آمادہ نہیں کروگے،“ قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں، ”مَیں تمہارے
اُوپر ایک لعنت بھیجوں گا اَور تمہاری برکتوں کو ملعُون کر دُوں گا؛
بَلکہ میں پہلے ہی اُنہیں ملعُون کر چُکا ہُوں کیونکہ تُم نے میری تعظیم
نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
3 ”تمہارے باعث مَیں تمہاری اَولاد کو ڈانٹوں گا اَور تمہارے مُنہ
پر تمہاری عیدوں کی قُربانی کی غِلاظت پھیکوں گا اَور تُم بھی اُن کے
ساتھ اُٹھا کر پھینک دئیے جاؤگے۔
4 تَب تُم جان لوگے کہ مَیں نے تُمھیں یہ اِنتباہ دی ہے تا کہ میرا عہد
لیوی کے ساتھ قائِم رہے،“ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے،
5 اُن کے ساتھ میرا عہد زندگی اَور سلامتی کا عہد تھا اَور مَیں نے
یہ عہد اَپنی تعظیم کے لِئے دیا تھا۔ اَور بنی لیوی نے میری تعظیم بھی
کی اَور میرے نام سے ڈرتا رہا۔
6 اَور بنی لیوی کے مُنہ میں سچّائی کی تعلیم تھی اَور اُس کے لبوں پر
کوئی ناراستی نہ پائی گئی۔ وہ میرے حُضُور سلامتی اَور راستی سے
چلتا رہا اَور بہتُوں کو بدی کی راہ سے واپس لایاتھا۔
7 کیونکہ لازِم ہے کہ کاہِنؔ کے لب تعلیم کو محفوظ رکھیں اَور اُس
کے مُنہ سے لوگ ہدایت حاصل کریں، کیونکہ وہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا
پیغمبر ہے۔

8 لیکن قادرِمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں، تُم صحیح راہ سے گُمراہ ھو گئے
اَور تمھاری تعلیم بہت لوگوں کے لِئے ٹھوکر کا باعث بنی۔ تُم نے لیوی
کے ساتھ باندھے ھُوئے عہد کو نظرانداز کر دیا ھے۔
9 اِس لِئے مَیں نے تُمھیں سَب لوگوں کی نظر میں ذلیل اَور حقیر کیا،
کیونکہ تُم میری راھوں پر قائِم نہیں رھے بَلکہ آئین کے مُعاملات میں تُم
نے طرفداری سے کام لیا۔

## طلاق دے کر عہد کو توڑنا

10 کیا ھم سَب کا ایک ھی باپ نہیں؟ کیا ایک ھی خُدا نے ھم سَب
کو پیدا نہیں کیا؟ تو پھر کیوں ھم ایک دُوسرے کے ساتھ بےوفائی
کرکے اَپنے آباؤاَجداد کے عہد کو توڑ رھے ھیں؟
11 یہُوداہؔ نے بےوفائی کی، بنی اِسرائیل اَور یروشلیمؔ میں نفرت اَنگیز
کام ھُواھے، یہُوداہؔ نے غَیر معبُودوں کی پرستش کرنے والی عورتوں
سے شادی کی ھے اَور اَیسا کرکے اُس نے یَاھوِہ کے اُس مُقدّس مقام
کو ناپاک کیا ھے جِس سے یَاھوِہ مَحَبّت رکھتے ھیں۔
12 یَاھوِہ اَیسا کرنے والے شخص کو خواہ وہ کوئی کیوں نہ ھو،
یعقوب کے خیموں سے خارج کر دیں۔ چاھے وہ شخص قادرِمُطلق یَاھوِہ
کے حُضُور قُربانی کرنے والا ھی کیوں نہ ھو۔
13 پھر دُوسرا کام جو تُم کرتے ھو وہ یہ ھے کہ تُم یَاھوِہ کے مذبح
کو آنسُوؤں سے تر کر دیتے ھو۔ تُم اِس لِئے روتے اَور ماتم کرتے ھو
کیونکہ اَب یَاھوِہ تمھارے نذرانوں کی طرف مُتوجّہ نہیں ھوتے اَور نہ
تمھارے ھاتھوں کے نذرانوں کو خُوشی کے ساتھ قبُول کرتا ھے۔

14 تو بھی، تُم پُوچھتے ہو، ”اَیسا کیوں ہے؟“ اَیسا اِس لِئے ہے کہ
کیونکہ یَاہوِہ تمہارے اَور تمہاری جَوانی کی بیوی کے درمیان گواہ
ہے۔ تُم نے اُس کے ساتھ بےوفائی کی ہے حالانکہ وہ تمہاری شریکِ
حیات ہے اَور تمہاری عہد کی بیوی ہے۔
15 کیا خُدا نے تُمھیں تمہاری بیوی کے ساتھ ایک ھی جِسم نہیں کیا
تھا؟ جِسم اَور رُوح میں تُم اُس کے ہو۔ اَور خُدا کیا چاہتاہے؟ یَاہوِہ
تُم دونوں کے مِلنے سے ایک خُدا ترس نَسل چاہتاہے۔ پس تُم اَپنے دِل
کی رکھوالی کرو اَور اَپنی جَوانی کی بیوی کے ساتھ بےوفائی نہ کرو۔
16 کیونکہ بنی اِسرائیل کے خُدا یَاہوِہ فرماتے ہیں، ”مُجھے طلاق
سے سخت نفرت ہے، جو شخص اَپنی بیوی کو طلاق دیتاہے وہ اَپنی
شادی کی توہین کرتا ہے۔“ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔
پس خبردار رہو اَور اَپنی بیوی سے بےوفائی نہ کرو۔

### نااِنصافی سے عہد کو توڑنا

17 تُم نے اَپنی باتوں سے یَاہوِہ کو بیزار کر دیا ہے۔
تو بھی تُم پُوچھتے ہو کہ ہم نے اُنہیں کیسے بیزار کیا ہے؟
یہ کہہ کر کہ، ”وہ سَب جو بدی کرتے ہیں یَاہوِہ کی نظر میں
نیک ہیں اَور وہ اُن سے خُوش ہے اَور یا یہ کہہ کر کہ اِنصاف کا
خُدا کہاں ہے؟“

## 3

1 دیکھو مَیں اَپنا پیغمبر اَپنے آگے بھیج رہا ہُوں۔ جو میرے آنے
سے پہلے میری راہ تیّار کرے گا۔ تَب خُداوؔند جِس کے تُم طالب ہو

وہ اَچانک اَپنی بیت المُقدّس میں تشریف لے آئیں گے۔ ہاں عہد کا
پیغمبر جِس کے تُم آرزُومند ہو، آ جائے گا۔ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا
فرمان ہے۔
2 لیکن اُس کے آنے کے دِن کو کون برداشت کر سکتا ہے اَور
جَب وہ ظاہر ہوگا تو کون کھڑا رہ سکے گا کیونکہ وہ سُنار کی جلتی
ہوئی بھٹّی کی طرح یا دھوبی کے صابُن کی مانند ہے۔
3 وہ چاندی کو صَاف کرنے اَور اُس کی گندگی دُور کرنے والے
سُنار کی مانند بیٹھے گا، اَور جَیسے سونے اَور چاندی کو صَاف کیا
جاتا ہے وَیسے ہی وہ بنی لیوی کو صَاف کرے گا۔ تَب وہ یَاہوِہ کے
اَیسے لوگ ہوں گے جو راستبازی سے نذرانہ لائیں گے۔
4 تَب مُلک یہُودیؔہ اَور یروشلیمؔ کے باشِندوں کا نذرانہ یَاہوِہ کو اَیسا
منظُور ہوگا جَیسا قدیم زمانوں اَور گُزرے دِنوں میں ہُوا کرتا تھا۔
5 تَب مَیں تمہاری عدالت کے لِئے تمہارے نزدیک آؤں گا اَور
اوجھاؤں، بدکاروں اَور جھُوٹی قَسم کھانے والوں کے خِلاف اَور اُن
کے خِلاف بھی جو مزدُوروں کو اُن کی مزدُوری نہیں دیتے اَور بیواؤں
اَور یتیموں پر ظُلم کرتے ہیں اَور پردیسیوں کو اِنصاف سے محروم رکھتے
ہیں اَور مُجھ سے نہیں ڈرتے ہیں، مَیں اُن سَب کے خِلاف فوراً گواہی
دُوں گا، یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔

### دہ یکیوں کو نہ دے کر عہد کو توڑنا

6 ”کیونکہ مَیں یَاہوِہ لاتبدیل ہُوں۔ اِس لِئے اَے بنی یعقوب، تُم
نِیست و نابُود نہیں ہوئے۔

7 تُم اَپنے آباؤاَجداد کے ایّام سے ہمیشہ میرے قوانین سے مُنہ پھراتے
رہے ہو اَور اُن پر عَمل نہیں کیا۔ تُم میری طرف رُجُوع لاؤ،“ تو مَیں بھی
تمہاری طرف رُجُوع ہُوں گا۔ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔
”لیکن تُم پُوچھتے ہو، ’ہم کس بات میں رُجُوع لائیں؟‘
8 ”کیا کویٔی فانی شخص یَاہوِہ کو لُوٹ سَکتا ہے؟ پھر بھی تُم مُجھے
لُٹتے ہو۔
”لیکن تُم پُوچھتے ہو، ’ہم کس بات میں آپ کو لُوٹتے ہیں؟‘
”تُم دہ یکیوں اَور نذرانہ کے مُعاملے میں لُٹتے ہو۔
9 پس تُم ملعُون ہو، تمہاری ساری قوم ملعُون ہے۔ کیونکہ تُم مُجھے
لُوٹ رہے ہو۔
10 سارا دہ یکی ذخیرہ خانے میں لاؤ تاکہ میرے بیت الْمُقَدّس میں
خُوراک مَوجُود رہے۔ اِس بات میں مُجھے آزما کر دیکھو،“ قادرمُطلق
یَاہوِہ فرماتے ہیں، ”دیکھو میں آسمان کے دریچوں کو کھول کر اِس
قدر برکتوں کی بارش کروں گا کی نہیں کہ تمہارے پاس رکھنے کو
جگہ نہ رہے گی۔
11 مَیں کیڑوں کو تمہاری فصل چٹ کر جانے سے روکوں گا اَور
تمہارے تاکستان میں انگور کے پھل پکنے سے پہلے کچّے نہیں گریں گے،“
یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔
12 تَب سَب قومیں تُمہیں مُبارک کہیں گی کیونکہ تمہاری زمین
خُوشحال ہوگی، یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔

## اسرائیل خُدا کے خِلاف تکبر سے بات کرتا ہے

13 یَاھوِہ فرماتے ھیں، تُم نے میرے خِلاف متکبّرانہ باتیں کہی ھیں،
تو بھی تُم پُوچھتے ھو، ھم نے آپ کے خِلاف کیا کہا ھے؟
14 تُم نے کہا ھے، یَاھوِہ کی عبادت کرنا بیکار ھے۔ قادرمُطلق
یَاھوِہ کے تقاضوں پر عَمل کرنے اَور اُن کے حُضُور میں ماتم کرنے
والوں کی طرح جانے سے کیا حاصل ھُوا؟
15 لیکن اَب ھم مغرُوروں کو برکت والے کہتے ھیں۔ بے شک
بدکار خُوشحال ھوتے ھیں اَور یَاھوِہ کی مُخالفت کرنے والے رِھائی پاتے
ھیں۔

## باقی بچے ھُوئے وفادار لوگ

16 تَب یَاھوِہ کا خوف ماننے والوں نے آپَس میں گُفتگو کی اَور یَاھوِہ
نے مُتوجّہ ھوکر اُن کی سُنی اَور اُن کے لئے جو یَاھوِہ سے ڈرتے اَور
اُس کے نام کی تعظیم کرتے تھے، یَاھوِہ کے حُضُور میں ایک یادگاری
کی کِتاب لکھی جا رھی تھی۔
17 قادرمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں، ”اُس روز جَب مَیں عَمل کروں
گا،“ تَب وہ میری خاص مِلکیّت ھوں گے؛ اَور مَیں اُن پر اَیسی شفقت
کروں گا جَیسے ایک باپ اَپنے خدمت گزار بیٹے پر شفیق ھوتا ھے۔
18 تَب تُم راستبازوں اَور بدکاروں کے درمیان اَور یَاھوِہ کی عبادت
کرنے اَور نہ کرنے والوں میں صَاف صَاف اِمتیاز دیکھوگے۔

# 4

## اِنصاف اَور عہد کی تجدید

1 قادرِمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں، یقیناً وہ دِن جلتی ھوئی آگ کی بھٹّی
کی مانند آ رھا ھے۔ تَب اُس دِن سَب مغرُور اَور بدکار بھُوسے کی مانند
اَیسے جَلا دیئے جائیں گے کہ اُن کی جڑ یا شاخ کچھ باقی نہ بچے گی۔
2 لیکن تُم جو میرے نام کی تعظیم کرتے ھو، تمہارے لِئے آفتابِ
صداقت اِس قدر طُلوع ھوگا کہ اُس کی کرنوں میں شفا ھوگی اَور تُم
خُوشی سے گائے کے فربہ بچھڑوں کی مانند کُودو اَور پھاندو گے۔
3 تَب اُس دِن تُم بدکاروں کو اِس قدر کُچل دوگے، گویا وہ تمہارے
پاؤں کے تلووں کی راکھ ھوں۔ جِس دِن میں عَمل کروں گا، یہ
قادرِمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ھے۔
4 میرے بندے مَوشہ کی شَریعت، قوانین اَور طور طریقوں پر عَمل
کرو جو مَیں نے اُسے کوہِ حورِبؔ پر تمام بنی اِسرائیل کے لِئے دیا تھا۔
5 دیکھو، یَاھوِہ کا خوفناک روزِ عظیم آنے سے پہلے مَیں ایلیّاہ نبی
کو تمہارے پاس بھیجوں گا۔
6 اَور وہ والدین کے دِل کو اُن کی اَولاد کی طرف اَور اَولادوں کے
دِل کو اُن کے والدین کی طرف مائل کرے گا؛ ورنہ مَیں آؤں گا اَور
تمام مُلک پر تباھی نازل کر دُوں گا۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" اَور ریاست ہائے متحدہ کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کے Biblica Inc جاتاہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہیں۔ درج میں دَفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f